آٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈر کیا ہے؟ (ASF)

ASF نظام عصبی سے تعلق رکھنے والا نشوونما کا خلل ہے۔ ذیل میں دیے گئے اہم معاملات اس طرزعمل کی مثالیں پیش کرتے ہیں جو ASF سے متاثرہ افراد دکھا سکتے ہیں۔

سماجی کمیونیکیشن اور سماجی واسطه

لگتا ہے جیسے اپنی الگ دنیا میں بستا ہو

- نظر ملانے سے بچنا/کم نظر ملانا
- اپنا نام پکارے جانے پر ردعمل نه دکھاتا ہو

دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے مدد درکار ہونا

- اکیلے رہنے کو ترجیح دینا
- ممکن ہے شریک ہونے کو جی چاہتا ہو لیکن وہ جانتا نه ہو که کیسے شریک ہوا جاتا ہے
- تعلقات بنانے اور قائم رکھنے میں مسائل
- دوسروں سے بات کرنے یا واسطے کا فرق انداز



کمیونیکیشن میں مدد کی ضرورت ہونا

- زبان کی اہلیت حاصل ہونے میں تاخیر یا محدود زبان
- الفاظ کا بالکل لفظی مطلب لینا
- ممکن ہے ذخیرۂ الفاظ وسیع ہو لیکن زبان کے سوشل استعمال میں مسائل ہوں

بات کرتے ہوئے ایک موضوع پر رہنے میں مشکل اور/یا موضوع بدلنے میں مشکل

- گفتگو شروع کرنے، جاری رکھنے یا ختم کرنے میں مشکل ممکن ہے
- ایک موضوع پر مرکوز رہنے میں مشکل ممکن ہے



سوشل اشاروں یا صورتحال کو "پڑھنے"/معنی اخذ کرنے میں مشکلات

- جسمانی اظہار، چہرے کے تاثرات اور لہجے کو سمجھنے میں مشکل
- یه سمجھنے کیلئے مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے که مختلف مواقع پر کیا مناسب ہوتا ہے

©اوسلو یونیورسٹی ہاسپٹل / آٹزم، ADHD، ٹوریٹس سنڈروم اور نارکولیپسی کیلئے ریجنل ریسورس سروس۔

آٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈر کیا ہے؟ (ASF)

ASF نظام عصبی سے تعلق رکھنے والا نشوونما کا خلل ہے۔ ذیل میں دیے گئے اہم معاملات اس طرزعمل کی مثالیں پیش کرتے ہیں جو ASF سے متاثرہ افراد دکھا سکتے ہیں۔

طرزعمل، دلچسپیاں اور سرگرمیاں

بار بار وہی جسمانی حرکات دہرانا اور غیرمعمولی زبان

- صدائے بازگشت جیسی گفتگو (الفاظ اور جملوں کی تکرار)
  نئے الفاظ / زبان کا انوکھا اسلوب
- ہاتھوں کو تیز تیز ہلاتے رہنا، دائرے میں گھومنا یا جھولتے رہنا

ایک ہی حرکت کو دہراتے رہنا

- ممکن ہے انسان ایک ہی حرکت بار بار کرتا رہے جیسے چیزوں کو ایک قطار میں رکھنا یا ایک ہی فلم دیکھتے رہنا



قاعدے اور پکے معمولات کو ترجیح دینا

- غیرمتوقع بات پیش آنے کو ناپسند کرنا اور چھوٹی بڑی تبدیلیوں پر شدید ردّعمل دکھانا
- کوئی نئی چیز آزمانے کیلئے مدد کی ضرورت ہونا

محدود دلچسپیاں

- مثال کے طور پر ایک ہی موضوع (جیسے ریل گاڑی) میں شدید دلچسپی ہونا
- ایسی دلچسپیاں رکھنا جو غیرمعمولی سمجھی جاتی ہیں (جیسے گوند کی سٹک)
- کسی موضوع میں دلچسپی کی غیرمعمولی بلند سطح ہونا/ظاہر کرنا، جو سارا وقت ذہن میں رہے اور/یا سارا وقت انسان اسی کا ذکر کرتا رہے

کم حسّاس یا بہت زیادہ حسّاس ہونا

- انسان جو چیزیں دیکھے، سنے، سونگھے، چھوئے یا چکھے، ان پر غیرمعمولی ردعمّل ظاہر کر سکتا ہے
- درد پر غیرمعمولی ردعمّل ظاہر کر سکتا ہے

©اوسلو یونیورسٹی ہاسپٹل / آٹزم، ADHD، ٹوریٹس سنڈروم اور نارکولیپسی کیلئے ریجنل ریسورس سروس-

عام وابستہ چیلنج

ASF نظام عصبی سے تعلق رکھنے والا نشوونما کا خلل ہے۔ ذیل میں دیے گئے اہم معاملات اس طرزعمل کی مثالیں پیش کرتے ہیں جو ASF سے متاثرہ افراد دکھا سکتے ہیں۔

نیند کے مسائل

- رات کے وقت کئی بار آنکھ کھلنا
- نیند کی ضرورت کم ہونا

حرکت/سرگرمی پر کنٹرول رکھنے میں مسائل

- ہائپر ایکٹیویٹی (غیرمعمولی فعال یا تیز ہونا)
- بے عملی یا فعال نہ ہونا

جذبات پر قابو رکھنے میں مسائل

کھانے سے متعلق مسائل

- خوراک کے گاڑھے پن اور رنگ پر ردّعمل دکھانا
- کھانے کو ملانے پر ردّعمل دکھانا

©اوسلو یونیورسٹی ہاسپٹل / آٹزم، ADHD، ٹوریٹس سنڈروم اور نارکولیپسی کیلئے ریجنل ریسورس سروس۔